KAIZER FILMS
Present

اپنا گھر

अपना घर

ادا کاران
پریم ناتھ۔ شیاما۔ منرا

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

اپنا گھر کے گانے

گانا نمبر ۱

لڑکا:- تم سے ہی میری زندگی میری بہار تم

لڑکی:- اپنے ہی دل سے پوچھ لو کس کا ہو پیار تم

لڑکا:- گاتی ہوئی ہواؤں میں تیرا ہی گیت ہے

لڑکی:- ساجن میری نگاہوں میں تیری ہی پریت ہے

چندا کا روپ چاندنی میرا سنگار تم

لڑکا:- اپنے ہی دل سے پوچھ لو کس کا ہو پیار تم

لڑکی:- تم سے ہی میری زندگی ———

یہ مسکراتا آسماں یہ جھومتی زمیں

لڑکا:- مجھ کو ذرا سنبھالنا کھو جاؤں نہ کہیں

ایسے میں اپنا کہہ بھی دو بس ایک بار تم

لڑکی:- اپنے ہی دل سے ———

دونوں:- تم سے ہی میری ———

لڑکا:- آتی ہیں ایسی پیار کی گھڑیاں نصیب سے

لڑکی:- یہ دل کی دھڑکنیں ذرا سن لو قریب سے

آئے ہو لیکے پیار کے سپنے ہزار تم

لڑکا:- اپنے ہی دل سے ———

دونوں:- تم سے ہی میری ———

گانا نمبر ۲

سوچ سمجھ لے او پروانے جل جانا آسان نہیں
تیری نظر پہچان گئی ہیں اتنی تو نادان نہیں
پھر نہ کہنا اِن زلفوں کے پھندے میں ہم آ گئے
بڑے بڑے دِل والے اِن نظروں کا دھوکہ کھا گئے
کون سا ایسا دِل والا ہے
کونسا ایسا دِل والا ہے جو تجھ پہ قربان نہیں
سوچ سمجھ لے او پروانے ——

اس محفل میں جو بھی آیا وہ دیوانہ ہو گیا
دُنیا تو کیا اپنے سے بھی وہ بیگانا ہو گیا
یہ بھی ادائیں نہ جانے تو
یہ بھی ادائیں نہ جانے تو ۔ اتنا تو انجان نہیں
سوچ سمجھ لے او پروانے ——

گانا نمبر ۳

ہے تیرا بھی ارادہ ۔ اور میرا بھی ارادہ
آ کر لیں کوئی وعدہ سہانا پیار کا
آئے نہ قرار دِلدار ۔ اِک بار جب نین ملے
کبھی کبھی بہانے آ دیوانے ستانے زرا چین لے
یوں نہ تڑپا ۔ یوں نہ ترسا
مَن جا سہانا پیار کا ۔ پیا کا
ہے تیرا بھی ——

دُنیا ہے فانی یہ جوانی متانی بار بار کہاں
روز منتوانے دِل والے بھولے بھالے یہ دیدار کہاں
دِل کی لگی پھر سے لگی
چھیڑ دے ترانہ پیار کا ۔ پیار کا ۔ ہے تیرا بھی

گوری گوری بیلیئں یہ ادائیں یہ نگاہیں آئیں پیار لیے
نظریں ملاؤ یوں نہ جاؤ چلے آؤ جی پیار لیے
رُت ہے جوان حیا نہ ہو کہاں
ارے نشانہ پیار کا ۔ پیار کا
ہے تیرا بھی

گانا نمبر

کوئی نہ ہو اس جگ میں داتا آنکھوں سے مجبور
دُنیا میں رہ کر بھی ہم ہیں اس دُنیا سے دُور
آنکھیں بڑی ہیں نعمت بابا
آنکھیں بڑی ہیں نعمت بابا ، جن سے جگ اُجیارا
اندھوں پر کیا گذرے یہ کیا جانے آنکھوں والا
آنکھیں بڑی ہیں نعمت بابا بابا بابا بابا
اور دل کی تو رات اندھیری اپنا دن بھی اندھیرا
ہم ہیں جہاں پر اُس دُنیا میں کبھی نہ ہوا سویرا
سورج چاند ستارے سب کو دیکھا ہم نے کالا
آنکھیں بڑی

قدم قدم پر ٹھوکر کھائیں راہ چلی نہ جائے

پھرتے ہیں اپنے کندھوں پر اپنی لاش اُٹھائے
جیون بھی اِک بوجھ بنا ہے کب تک جائے سنبھالا
آنکھیں بڑی ——

کب تک یوں ہی سہتے جائیں دنیا کے تانوں کو
اور تو چھینا داتا بہرہ بھی کر دے کانوں کو
دیکھ لیا جی بھر کے ہم نے تیرا کھیل نرالا تیرا کھیل نرالا
آنکھیں بڑی ——

کس نے درد ہمارا جانا کس نے دیا سہارا
بیگانے تو کیا اپنوں نے ہم سے کیا کنارا
اپنے گھر سے ہی قسمت نے دیکھو ہمیں نکالا
آنکھیں بڑی ——

گانا نمبر ۵

کیسے بھیگے بھیگے پیارے ہیں نظارے
آ ذرا چھیڑ دیں ترانے ذرا پیار کے
دیکھو کالی کالی یہ گھٹائیں
چلی جائیں نہ جی ہم کو پکار کے — کیسے بھیگے ——
تم ساتھ رہو جو میرے
میں راہیں مٹی بنا لوں
تیری راہوں کے کانٹے
اپنی پلکوں سے اُٹھا لوں
تو میرا پیار ۔ میری بہار ۔ میرا سنگار سجنا

کیسے بھیگے

اس دُنیا کی نظروں سے ، آ دُور کہیں کھو جائیں
جی بھر کے جہاں دِل جھُومے، ہم گیت مِلن کے گائیں
سارے جگ کو چھوڑ۔ لیا تجھ سے جوڑ
جیون میں نے اپنا
کیسے یہ بھیگے

ہم اِک منزِل کے راہی . بچھڑیں گے کبھی نہ دِل کے
دُنیا والے کیا جانیں ، ارمان ہمارے دِل کے
کہوں دِل کی بات۔ دِن ہو یا رات ۔ رہوں تیرے ساتھ سجنا
کیسے بھیگے

گانا نمبر ٦

آرام ہے حرام

بھارت کے نوجوانو ۔ آزادی کے دیوانو
تم دیش کے کونے کونے میں پہنچا دو یہ پیغام
آرام ہے حرام

دیکھو پڑے ہیں دیش میں اتنے کتنے کام ادھورے
مِل کر ہاتھ بٹاؤ تبھی یہ ہو سکتے ہیں پورے
آؤ ایک ہو جاؤ ۔ اس دیش کو سورگ بناؤ
بھارت کا ہو اس دُنیا میں سب سے اُونچا نام
آرام ہے حرام

ذات پات کے بندھن توڑ دو ۔ اونچ نیچ کو چھوڑ دو

نئے میے سے نئے جگت، اپنا ناطہ جوڑو
بالو ڈھنگ پرانا۔ آیا ہے نیا زمانہ
ایسا کرو سویرا۔ جس کی کبھی نہ آئے شام
آرام ہے حرام

کبھی کسی کے آگے اپنی جھولی نہ پھیلانا
چاہے رو کبھی سو کبھی ہو ہاتھوں سے کما کر کھانا
یہی ہے آن تمہاری
جس میں اپنا سر جھکتا ہو
کر دنہ ایسا کام
آرام ہے حرام

ختم شد

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
" حصہ دوئم	1/4/-	باپ کا قاتل	1/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	خونی چھتری	1/-/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	تین ڈاکو	1/-/-
خومنچو کا سایہ	4/-/-	غیبی فرشتہ	1/6/-
خومنچو کی بیٹی	4/-/-	جادوگر جاسوس	1/4/-
ڈاکٹر خومنچو کا انتقام	3/-/-	جادوگر حسینہ	1/4/-
ڈاکٹر خومنچو	3/-/-	موت کا مینار	1/4/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	دو لاشیں	-/12/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی کمانڈر	-/12/-
بہادر ٹارزن	1/8/-	سراغرساں	-/12/-
چلتا پرزہ	1/8/-	خونی نشان	1/-/-
گردش دوراں	3/8/-	خونی چراغ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)